


عاشقانِ رسول کو 12 دینی کاموں میں شامل ہونے کی ترغیب دلانے پر مشتمل تحریر

12 دینی کاموں کی ترغیبات



پیشکش:
المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)
Islamic Research Center

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن ط

اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

درودِ پاک کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم: روزِ قیامت اللہ پاک کے عرش کے سِوا کوئی سایہ نہ ہو گا، اُس روز 3 شخص عرش کے سائے میں ہوں گے: **(1):** میرے اُمّتی کی پریشانی دُور کرنے والا **(2):** میری سُنّت کو زِندہ کرنے والا **(3):** مجھ پر کَثْرت سے درود شریف پڑھنے والا۔[1]

وہ سلامت رہا قیامت میں	پڑھ لئے جس نے دِل سے چار سلام

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

نیکی کی ترغیب دِلانا سُنّت ہے

پیارے اسلامی بھائیو! نیک کاموں کی ترغیب دِلانا **سُنّتِ مصطفےٰ** ہے۔ چنانچہ قرآنِ کریم میں محبوبِ ربّ، سلطانِ عرب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کو فرمایا گیا:

وَّ ذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۵۵﴾ (پارہ:27، سورۂ ذاریات:55)	ترجمۂ کنزُالایمان: اور سمجھاؤ کہ سمجھانا مسلمانوں کو فائدہ دیتا ہے۔

اسی طرح پارہ:10، سورۂ اَنْفال، آیت:65 میں حکم ہوا:

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ (پارہ:10، سورۂ انفال:65)	اے نبی! اُبھارو (ترغیب دِلاؤ) مؤمنوں کو

[1]... البدور السّافرہ، صفحہ:93۔

پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم اور نیکی کی ترغیب

ہمارے پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم مبلغِ اَعْظَم (یعنی سب سے بڑے اور عظمت والے مبلغ) ہیں، پہلی وحی نازِل ہونے کے بعد آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے 3 سال تک خفیہ نیکی کی دعوت دی، پھر اِعْلانیہ دعوت کا سلسلہ شروع ہوا، آخری نبی، رسولِ ہاشمی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم اِنْفِرادی طور پر، اجتماعی طور پر، فضائل سُنا کر، عذابِ نار سے ڈرا کر، اپنی پیاری پیاری باتوں کے ذریعے اور عَمَلی طَور پر بھی لوگوں کو نیک کاموں کی ترغیب دیا کرتے تھے۔ ❋. مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ حضرت علی المرتضیٰ ❋. والدِ صِدّیقِ اکبر حضرت ابوقحافہ ❋. حضرت حَکَم بن کَیْسان ❋. حضرت عَمرو بن عَبَسہ ❋. حضرت طُفیل بن عَمْرو دَوسی اور دیگر بہت سارے صحابۂ کرام علیہم الرِّضوان آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی اِنْفِرادی کوشش (یعنی علیحدہ سے سمجھانے) کی برکت سے اِیْمان لائے۔ (ان سب صحابۂ کرام علیہم الرِّضوان کے اِیمان لانے کے واقعات پڑھنے کے لئے مکتبۃ المدینہ کی کتاب: **اِنفرادی کوشش**، صفحہ: 27 سے 50 پڑھئے!)

میں مبلِّغ بنوں سنتوں کا، خوب چرچا کروں سنتوں کا
یا خُدا! درس دوں سنتوں کا، ہو کرم بہرِ خاکِ مدینہ

دِینی کاموں کی ترغیب کی اہمیت

پیارے اسلامی بھائیو! دَرْس و بیان وغیرہ کے ذریعے اجتماعی طَور پر نیکی کی دَعْوت دینے کی بھی اپنی برکتیں ہیں، البتہ جو فوائد الگ سے مِل کر ترغیب دِلانے کے ہیں، اُن کی بات ہی جُدا ہے، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنت حضرت علّامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری

رضوی ضیائی دَامَت بَرَکاتہمُ العَالِیَہ فرماتے ہیں: دعوتِ اسلامی کا 99.90 فیصد کام اِنفِرادی کوشش (یعنی الگ سے سمجھانے اور نیک کاموں کی ترغیب دِلانے) کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

نیک کاموں کی ترغیب کے فضائل

قرآنِ کریم میں ارشاد ہوتا ہے:

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَاۤ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا (پارہ:24، سورۂ حم سجدہ:33)	ترجمۂ کنزُالایمان: اور اس سے زیادہ کس کی بات اچھی جو اللہ کی طرف بلائے اور نیکی کرے۔

4 فرامینِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

(1): **اللہ پاک کی قسم!** اگر اللہ پاک تمہارے ذریعے کسی ایک کو بھی ہِدایت دیدے تو یہ تمہارے لئے سُرخ اُونٹوں سے بہتر ہے۔[1] (2): اَلدَّالُ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ بھلائی کا رستہ بتانے والا بھلائی کرنے والے کی طرح ہے۔[2] (3): جو اللہ کی رضا کی خاطِر اپنے مسلمان بھائی سے ملاقات کرنے جاتا ہے تو ایک اِعلان کرنے والا اسے پُکار کر کہتا ہے: **خوش ہو جا! تیرا یہ چلنا مبارک ہے اور تُو نے جنّت میں اپنا ٹھکانا بنالیا ہے۔**[3] (4): نبی جنّت میں جائے گا، صِدِّیق جنّت میں جائے گا اور جو صِرف اللہ پاک کی رضا کے لئے اپنے کسی بھائی سے ملاقات کرنے شہر کے اَطراف میں جائے، وہ بھی جنّت میں جائے گا۔[4]

سُنَّت ہے سَفر دِین کی تبلیغ کی خاطِر | ملتا ہے ہمیں دَرس یہ اَسفارِ نبی سے

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب! صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّد

---

1 … بخاری، کتاب الجہاد والسیر، باب دعاء النبی الی الاسلام...الخ، صفحہ:758، حدیث:2942۔
2 … ترمذی، ابواب العلم، باب ماجاء الدال علی الخیر کفاعلہ، صفحہ:628، حدیث:2670۔
3 … ترمذی، کتاب البر وصلہ، باب ماجاء فی زیارۃ الاخوان، صفحہ:487، حدیث:2008ملتقطاً۔
4 … معجمِ اوسط، جلد:1، صفحہ:472، حدیث:1743ملتقطاً۔

نیکی کی ترغیب دِلانے کی اچھی نیتیں

❁ اللہ پاک کی رضا کی خاطِر نیکی کی دعوت دینے کے لئے **دینی کام کی ترغیب** دلاؤں گا ❁ سلام کے بعد گرم جوشی سے ہاتھ ملاؤں گا ❁ جہاں تک ہو سکا نیچی نگاہیں کئے بات چیت کروں گا (نیچی نگاہیں کرکے ترغیب دِلانے سے نیکی کی دعوت کا فائدہ اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! مزید بڑھ جائے گا) ❁ سُنّت پر عمل کی نیت سے مسکرا کر بات کروں گا ❁ اگر سمجھانے کا اچھا نتیجہ سامنے آیا تو اللہ پاک کا کرم سمجھوں گا اور شکرِ اِلٰہی بجالاؤں گا اور اگر کوئی ناخوشگوار بات پیش آئی تو سامنے والے کو سخت دِل وغیرہ سمجھنے کی بجائے اسے اپنے اِخلاص کی کمی تَصَوُّر کروں گا۔

نیکی کی دَعْوت دینے والے کے چند اَوْصاف

نیکی کی دَعْوت کا ثواب لُوٹنے کے لئے دِینی کاموں کی ترغیب دِلانے والے کو چاہیے کہ یہ اَوْصاف اپنائے، اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! زبان میں اَثَر آئے گا ❁ خُوش اَخلاقی (مبلغ جتنا خوش اخلاق مثلاً سلام میں پہل کرنے، گرم جوشی سے ملنے، مسکرا کر بات کرنے والا، غُصے پر قابُو رکھنے والا اور دوسروں کا غمخوار ہو، لوگ اُتنی ہی آسانی سے اس کی طرف مائل ہوتے ہیں) ❁ خُوش لباسی (کہ میلا کچیلا رہنے والے سے لوگ گِھن کھاتے اور اس سے کتراتے ہیں) ❁ مُعاملہ فہمی (یعنی موقع کی مُنَاسبت سے دیکھ بھال کر گفتگو کرنا، امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ فرماتے ہیں: جس کو یہ گُر مل گیا کہ کہاں کیا بولنا ہے تو وہ کامیاب ہو گیا) ❁ مسلمانوں کی خیر خواہی کا جذبہ ❁ سنجیدہ مزاجی (کہ غیر سنجیدہ، مذاق مسخری کرنے اور اَبے تَبے وغیرہ کرنے والے کی زبان میں اَثَر نہیں رہتا یا بہت کم ہو جاتا ہے) ❁ مُعَاملات میں صفائی پسند واقع ہونا (مثلاً کاروباری لَین دَین، ملازمت، قرض اور

گھریلو معاملے میں شریعت کا دامَن تھامے رکھنا) ❀بقدرِ ضرورت عِلْمِ دِین کا حامِل اور ❀باعَمَل ہونا۔

جسے نیکی کی دعوت دوں،سنے دل سے کرم یاربّ!
زَباں میں دے اثر، کر دے عطا زورِ قلم یاربّ!

مُلاقات کی چند احتیاطیں

❀ٹھہر ٹھہر کر، سوچ سمجھ کر گفتگو کیجئے! ❀جھوٹ میں مبتلا کر دینے والے سوال (مثلاً سَفَر کیسا گزرا؟ آپ کو میری بات بُری تو نہیں لگی؟ آپ نے اجتماع میں شرکت کیوں نہیں کی؟ وغیرہ) سے بچئے! ❀سامنے والے کی بات ہر گز مت کاٹئے! ❀بھرپُور خود اعتمادی سے مُلاقات کیجئے! ❀تُو تکار کی بجائے **آپ جناب** سے بات کیجئے! ❀جہاں تک ہو سکے نگاہیں نیچی رکھئے! ❀چیخ چِلّا کر نہیں بلکہ حسبِ ضرورت درمیانی آواز میں بات کیجئے! ❀موقع کی مُنَاسبت سے سامنے والے کی دِل جُوئی بھی کیجئے! ❀خُوشی کی بات ہو تو چہرے پر خُوشی لائیے، غَم کی بات ہو تو غمخواری بھی کیجئے! ❀اس کے ذاتی حلئے وغیرہ پر ہرگز اعتراض مت کیجئے! ❀اِخْتلافی وسیاسی بحث میں ہر گز نہ الجھئے! ❀ڈانٹ ڈپٹ کی بجائے نرمی سے بات سمجھائیے! ❀سامنے والا کوئی اعتراض یا تنقید کرے تو صبر کا دامن تھامتے ہوئے خاموشی اِخْتیار کیجئے اور نیکی کی دعوت کا کام جاری رکھئے! ❀فضول باتوں سے بچئے ❀لہجہ نرم رکھئے (کہ الفاظ سے زیادہ لہجہ اثر کرتا ہے) ❀جسے دِینی کام کی ترغیب دِلائی، آیندہ اس سے رابطہ رکھنے کے لئے رابطہ نمبر وغیرہ لے لیجئے! اور نام پوچھنا مت بھولئے! ❀ہو سکے تو تحفہ بھی دیجئے! ❀ملاقات کا دورانیہ مختصر رکھئے!

نیکی کی دعوت کے لئے کی گئی مُلاقات کو پُر اَثَر بنانے کے لئے ❀ آیندہ اس سے رابطہ قائِم رکھئے! ❀ اُس سے اِحسان مت لیجئے (کہ عربی مقولہ ہے: اَلْاِحْسَانُ یَقْطَعُ اللِّسَانَ احسان زبان کو روک دیتا ہے) ❀ سامنے والے کے ذاتی اور گھریلو معاملات میں دخل مت دیجئے! ❀ ہاں! حسبِ موقع غمخواری وغیرہ ضرور کیجئے! ❀ بے تکلفی مت بڑھایئے! ہمیشہ اپنے مدنی مقصد پر نِگاہ رکھئے! ❀ وقتاً فوقتاً اسے مکتبۃ المدینہ کے رسائل، ماہنامہ فیضانِ مدینہ یا بالخصوص ہفتہ وار رسالہ بھجواتے رہیے! ❀ ہفتہ وار اجتماع میں اپنے ساتھ شرکت کروایئے! ❀ بلکہ کوشش کرکے مدنی قافلوں میں بھی ساتھ لے جایئے!

اچھی صحبت ملے، خوب برکت ملے | چل پڑو! چل پڑیں قافلے میں چلو!
لُوٹ لیں رحمتیں، خوب لیں برکتیں | خواب اچھے دِکھیں، قافلے میں چلو!

نوٹ: دِینی کاموں کی ترغیب دِلانے کے فوائد و فضائل اور طریقۂ کار سے متعلق تفصیلی معلومات کے لئے مکتبۃ المدینہ کی 200 صفحات کی کتاب: **انفرادی کوشش مع 25 حکایاتِ عطّاریہ** پڑھ لیجئے!

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

﴿1﴾: فجر کے لئے جگانا

❀ **- نمازِ فجر کے لئے جگانا سُنَّتِ مصطفٰے ہے:** ❀ اللہ پاک کے آخری نبی، رسولِ ہاشمی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم فجر کے لئے جاتے ہوئے سوئے ہوؤں کو جگاتے تھے[1] ❀ مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ حضرت عمر فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کا بھی یہی انداز تھا[2] اور ❀ مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ حضرت علی المرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ بھی اس پیاری پیاری سُنّت کے عامِل تھے۔[3]

1 ... ابو داوٗد، کتاب الصلاۃ، باب الاضطجاع، صفحہ: 208، حدیث: 1264۔
2 ... مشکاۃ المصابیح، کتاب الصلاۃ، باب التحریض علی قیام اللیل، جلد: 1، صفحہ: 244، حدیث: 1240۔
3 ... تاریخ الخلفاء، ذِکر علی بن ابی طالب، فصل فی مبایعۃ علی بالخلافۃ، صفحہ: 112۔

-آپ بھی یہ سُنَّت اپنائیے! نمازِ فجر کے لیے جگایا کیجئے! اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْکَرِیْم! بہت برکتیں ملیں گی ❁ دوسروں کو جگائیں گے تو خود بھی نمازِ فجر باجماعت پڑھنے کی سَعَادت ملے گی ❁ صبح صبح نیکی کی دعوت عام کرنے کا ثواب ملے گا ❁ آپ کے جگانے سے جتنے لوگ نماز پڑھیں گے، ان سب کی نمازوں کا ثواب انہیں بھی ملے گا اور اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْکَرِیْم! آپ کے اعمال نامے میں بھی لکھا جائے گا ❁ صبح صبح پیدل چلنے کا موقع ملے گا تو صحت اچھی رہے گی ❁ ایک اَہم فائدہ یہ کہ مسجد کی رونق بڑھ جائے گی، ایک اسلامی بھائی کا بیان ہے: ہم نے سردیوں میں نمازِ فجر کے لئے جگانا شروع کیا تو اتنے نمازی بڑھے کہ صحنِ مسجد میں شامیانے لگانے پڑ گئے۔ سُبْحٰنَ اللّٰہ!

کوئی مشکل نہیں ہے، وقتِ جماعت سے 20، 25 منٹ پہلے اُٹھ جائیے! نمازِ فجر کے لئے تو جانا ہی ہے، صدا لگاتے چلے جائیے! مسجد بھی پہنچ جائیں گے اور اللہ پاک کے فضل سے نیکی کی دعوت عام کرنے کا ثواب بھی مل جائے گا۔ نِیّت کر لیجئے! اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْکَرِیْم! نمازِ فجر کے لئے جگایا کروں گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

﴿2﴾: تفسیر سننے سُنانے کا حلقہ

-قرآنِ مجید سیکھنا بہت فضیلت والا کام ہے: ❁ اَحادیث میں اس طرح مضمون ہے: صبح اس حال میں کرو کہ یا تُم عالِم ہو یا طالِبِ عِلْمِ دین [1] ❁ ایک روایت کے مطابق صبح کے وقت قرآنِ مجید کی ایک آیت سیکھنا 100 رکعت نفل پڑھنے سے بہتر ہے۔ [2]

1 ...دارمی، المقدمۃ، باب فی ذھاب العلم، صفحہ: 96، حدیث: 254۔

2 ...ابن ماجہ، باب فضل من تعلم القرآن وعلمہ، صفحہ: 48، حدیث: 219۔

-**الحمدللہ!** دعوتِ اسلامی والے عاشقانِ رسول بعدِ فجر تفسیر سننے سنانے کا حلقہ لگاتے ہیں ❀ اس میں تین قرآنی آیات ❀ ان کا ترجمہ اور تفسیر سنی، سنائی جاتی ہے ❀ فیضانِ سُنّت سے دَرْس ہوتا ہے ❀ شجرہ شریف پڑھا جاتا ہے ❀ دُعا ہوتی ہے اور ❀ آخر میں اشراق، چاشت کے نوافِل بھی ادا کئے جاتے ہیں۔

-**آپ بھی تفسیر سننے سنانے کے حلقے میں شرکت کی عادَت بنایئے!** اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! بہت برکتیں ملیں گی ❀ حدیثِ پاک کے مطابق جو صبح کے وقت مسجد میں نیکی سیکھنے جائے، اسے عمرے کا ثواب ملتا ہے[1] ❀ صبح کا وقت نیکیوں میں گزرے گا تو برکت ملے گی ❀ سارا دِن اچھا گزرے گا ❀ صبح صبح عِلْمِ دین سیکھنے کا موقع نصیب ہو گا ❀ شجرہ شریف کی صُورت میں نیک بندوں کا ذِکْر ہو گا ❀ ان کی محبّت دِل میں بیٹھے گی ❀ اولیائے کرام کی رُوحانی توجُّہ ملے گی ❀ ایمان تازہ ہو گا ❀ ان کے وسیلے سے کی گئی دُعائیں اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! پُوری ہوں گی ❀ ایک بڑی برکت یہ کہ **نمازِ فجر سے نمازِ اشراق تک مسجد میں رُکنا سُنّتِ مصطفےٰ ہے** اس پر عَمَل کی سَعادَت مِل جائے گی ❀ حدیثِ پاک کے مطابق جو نمازِ فجر کے بعد ذِکْرُ اللہ میں مشغول رہے، پھر اشراق، چاشت کے نوافِل پڑھے، اسے جہنّم کی آگ نہیں چھوئے گی۔[2]

-(جس مسجد میں حلقہ لگتا ہے، اس کا نام اور ایڈریس بتایئے! مثلاً یوں کہئے) آپ کے محلے کی مسجد **گلزارِ مدینہ** میں تفسیر سُننے سُنانے کا حلقہ لگتا ہے، نمازِ فجر وَہیں ادا کرنے اور تفسیر سننے سنانے کے حلقے میں شرکت کی نیّت کر لیجئے!

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

1 ... مستدرک، کتاب العلم، باب من جاء المسجد... الخ، جلد:1، صفحہ:281، حدیث:317۔

2 ... شعب الایمان، باب فی الصیام، جلد:3، صفحہ:420، حدیث:3957۔

﴿3﴾: دَرْس

٭- مسجد دَرْس

-مَسْجِد میں عِلْمِ دِین سکھانا سُنّتِ مصطفےٰ ہے: ہمارے نبی، مکی مدنی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم مَسْجِدِ نبوی شریف میں عِلْمِ دین سکھایا کرتے اور صحابۂ کرام علیہم الرِّضْوَان سیکھتے تھے[1] بڑے بڑے اَوْلیائے کرام اور عُلَمائے اُمّت کا بھی یہی معمول رہا ہے۔

-الحمدللہ! دعوتِ اسلامی والے عاشقانِ رسول بھی یہ نیک کام کرنے کی سَعَادت حاصِل کرتے ہیں (مَسْجِد جس میں دَرْس ہوتا ہے، اس کا نام بتایئے! مثلاً کہئے) آپ کی قریبی مسجد گلزارِ حبیب میں (وقتِ دَرْس، مثلاً) نمازِ عشا کے بعد دَرْس ہوتا ہے آپ بھی اس میں شرکت کیا کیجئے! اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! عِلْمِ دِین سیکھنے کا موقع ملے گا اتنی دَیْر مسجد میں بیٹھنے کا ثواب ملے گا نیک صحبت میں بیٹھنا نصیب ہو گا گھر سے ہی دَرْس میں شرکت کی نِیّت کر کے چلیں گے تو راہِ عِلْمِ دِین میں چلنے کا ثواب ملے گا اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! مخلوقات حتیٰ کہ دریا کی مچھلیاں بھی دُعا کریں گی۔ -روزانہ (مثلاً) نمازِ عشا گلزارِ حبیب مسجد میں باجماعت پڑھنے اور دَرْس میں شرکت کی نِیّت کر لیجئے!

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

٭- چوک دَرْس

-حدیثِ پاک میں ہے: عِلْم (دِین) سیکھنا ہر مسلمان پر فَرْض ہے[2] معلوم ہوا؛ ہر مسلمان پر اس کی موجودہ حالت کے مطابق عِلْمِ دِین سیکھنا ضروری ہے عِلْمِ دین سیکھنے کے بہت

---

1 ...مرآۃ المناجیح، جلد:3، صفحہ:239۔

2 ...ابن ماجہ، المقدمۃ، باب فضل العلما...الخ، صفحہ:49، حدیث:224۔

ذرائع ہیں، ایک ذریعہ دَرْس بھی ہے۔

-الحمد للہ! فُلاں (مثلاً فیضانِ مدینہ) چوک میں (مثلاً:) شام 6 بجے دَرْس ہوتا ہے، دَرْس کا دورانیہ صِرْف 7 منٹ ہے، آپ بھی شرکت کیا کیجئے! اِنْ شَآءَاللہُ الْکَرِیْم! علمِ دِین سیکھنے کو ملے گا نیک صحبت نصیب ہو گی دِینی بات کرنا، سننا بھی ذِکْرُ اللہ میں شامِل ہے، دَرْس میں شرکت کی برکت سے بازار میں ذِکْرُ اللہ کرنے، سننے کا موقع بھی ملے گا حدیثِ پاک کے مطابق جو بازار میں ذِکْرُ اللہ کرے، اس کے لئے روزِ قیامت ہر بال کے بدلے نُور ہو گا[1] واقعہ: دو دوست بازار سے گزر رہے تھے، ایک نے کہا: آؤ! ذِکْرُ اللہ کریں، دونوں ذِکْر کرنے لگے، کچھ عرصے بعد اُن میں سے ایک کا انتقال ہوا، دوسرے نے اُسے خواب میں دیکھ کر پوچھا: کیا گزری؟ کہا: اُس روز ہم نے بازار میں ذِکْر کیا تھا، اُس کی برکت سے ہم دونوں کی مغفرت کر دی گئی۔[2] سُبْحٰنَ اللہ! -اللہ پاک کی رحمت بہت بڑی ہے، دَرْس میں شرکت کی نیّت کر لیجئے! کیا خبر ہماری بھی بگڑی بَن جائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

-گھر دَرْس

-اللہ پاک نے ہم مسلمانوں کو حکم دیا:

قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ اَهْلِیْكُمْ نَارًا (پارہ:28، سورۂ تحریم:6)	ترجمہ کنزالعرفان: اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو آگ سے بچاؤ!

یعنی اے مسلمانو! خُود بھی دِینی باتیں سیکھو اور اپنے گھر والوں کو بھی سکھاؤ! تاکہ جہنّم

1 ...شُعب الایمان، باب فی محبۃ اللہ، جلد:1، صفحہ:412، حدیث:567۔

2 ...جامع العلوم والحکم، الحدیث الخمسون، صفحہ:457۔

سے بچ سکو...!![1]

❀- **آج کل گھر گھر لڑائی، جھگڑے، پریشانیاں عام ہیں**، اس کا بہترین حَل ہے: گھر میں دَرْس دیجئے! اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! ❀گھر میں دِینی ماحول بنے گا ❀اَہْلِ خانہ دِینی باتیں سیکھیں گے تو نیک اَعْمال کا ذِہن بنے گا ❀چھوٹے بااَدب اور بڑے شفیق بنیں گے ❀غیبت، چغلی اور اس جیسے کئی گُناہوں سے بچنے کی سوچ ملے گی ❀عشقِ رسول، فِکْرِ آخرت اور خوفِ خُدا نصیب ہو گا ❀عقائِد و اَعْمال کی اِصْلاح ہو گی اور ❀اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! گھر میں سکون ہو گا ❀اللہ پاک کی رحمتیں بھی اُتریں گی ❀اور اللہ پاک نے چاہا تو گھر بھر کا بھلا ہو جائے گا

❀**واقعہ:** ایک اسلامی بھائی بتاتے ہیں: ان کے گھر میں بد عملی اور بد عقیدگی کے ڈیرے تھے، پھر انہوں نے گھر میں دَرْس دینا شروع کیا، الحمد للہ! 7 منٹ کا دَرْس استقامت سے دیتے رہنے کی برکت یہ ہوئی کہ سب گھر والے نیک نمازی اور عاشقِ رسول بن گئے۔

❀- **آپ بھی اپنے گھر میں دَرْس دیا کیجئے!** کوئی مشکل کام نہیں ہے، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی کتابیں بہت آسان ہوتی ہیں، کوئی کتاب مثلاً **فیضانِ سُنّت** خرید لیجئے! چاہیں تو دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ **www.dawateislami.net** سے ڈاؤنلوڈ کر لیجئے! چاہے موبائل ہی میں رکھ لیجئے! روزانہ صِرف 7 منٹ کے لئے جو لکھا ہے، وہ پڑھ کر سُنا دیجئے! سنجیدگی اور استقامت سے دَرْس دیا کریں گے تو اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! خوب بہاریں دیکھنے کو ملیں گی۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

1... تفسیر قشیری، پارہ: 28، سورۂ تحریم، تحت الآیۃ: 6، جلد: 3، صفحہ: 334۔

﴿4﴾:مدرسۃ المدینہ بالغان

❀-حدیثِ پاک میں ہے: تم میں بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔[1]

❀ قرآنِ مجید اللہ پاک کی کتاب ہے ❀ بندوں کے نام رَبِّ کریم کا پیغام ہے ❀ **مگر افسوس!** آج مسلمان قرآنِ کریم سے بہت دُور ہوتے جارہے ہیں ❀ بہت لوگوں کو اُوپر دیکھ کر بھی دُرست قرآنِ مجید پڑھنا نہیں آتا ❀ جو پڑھ لیتے ہیں وہ بھی تَجْوِید اور مخارج کی ایسی غلطیاں کرتے ہیں، جن کے سبب نماز ہی نہیں ہوتی۔

❀-**اَلحمدُ لله!** عاشقانِ رسول کی دینی تحریک دعوتِ اسلامی قرآن کا فیضان عام کرنے میں مَصرُوف ہے ❀ آپ کے محلے کی فُلاں مسجد (مثلاً جامع مسجد غوثیہ) میں فُلاں وقت (مثلاً نمازِ عشاء کے بعد، **نوٹ:** اگر مارکیٹ میں لگنے والے مدرسۃ المدینہ بالغان کی ترغیب دِلانی ہو تو مسجد کی بجائے مارکیٹ اور مقام بتائیے! مثلاً مدینہ مارکیٹ میں فُلاں دُکان پر اتنے بجے) مدرسۃ المدینہ بالغان لگتا ہے ❀ صِرف 45 منٹ (مارکیٹ کا مدرسۃ المدینہ بالغان ہو تو کہئے: صِرف 35 منٹ) کی کلاس ہوتی ہے ❀ اس میں دُرُست تجوید و قراءت کے ساتھ قرآن پڑھنا بھی سکھایا جاتا ہے ❀ فرض عُلُوم بھی بتائے جاتے ہیں ❀ سُنّتیں اور آداب بھی سکھائے جاتے ہیں اور ❀ ترجمہ و تفسیر سُننے کا بھی موقع ملتا ہے۔ ❀- آپ بھی اس میں شرکت کیا کیجئے! اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! بہت برکتیں ملیں گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

﴿5﴾:ھفتہ وار اجتماع

❀-**ہر جمعرات بعد نمازِ مغرب** فُلاں مقام (مثلاً فیضانِ مدینہ) میں دعوتِ اسلامی کا

---

1 ...بخاری، کتاب فضائل القرآن، باب خیر کم من...الخ، صفحہ:1299، حدیث:5027۔

ہفتہ وار اجتماع ہوتا ہے، اس میں تِلاوت، نعت، سُنّتوں بھرا بیان، ذِکر اور رِقّت انگیز دُعا کروائی جاتی ہے۔

❀- **آپ سے التجاء ہے** ❀ آپ بھی ہفتہ وار اجتماع میں پابندی کے ساتھ شرکت کیا کیجئے! ❀ دِینی اجتماع میں بیٹھنے اور ذِکر کرنے والوں کی اپنی تو کیا شان ہوگی! حدیثِ پاک کے مطابق جو ان کے پاس بیٹھ جائے، وہ بھی بد بخت نہیں رہتا۔(1)

❀- **الحمدللہ!** ہفتہ وار اجتماع میں ذِکر ہوتا ہے ❀ عِلْمِ دِین سیکھنے کو ملتا ہے ❀ نیک صحبت میں بیٹھنا اور ❀ مسجد میں وقت گزارنا نصیب ہوتا ہے ❀ ایک اَہَم برکت یہ کہ دِینی اجتماع کے لئے جانا بھی راہِ خُدا میں نکلنا ہے، ہفتہ وار اجتماع میں تشریف لائیں گے تو اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْکَرِیْم! گھر سے نکلنے سے لے کر واپس لوٹنے تک سارا وقت راہِ خُدا میں شُمار ہوگا۔ ❀- ہر جمعرات پابندی سے **ہفتہ وار اجتماع** میں اَوّل تا آخر شرکت کی نِیّت کر لیجئے!

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

﴿6﴾: ہفتہ وار مدنی مذاکرہ

❀- **امیرِ اہلسنّت** مولانا محمد الیاس عطار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ دورِ حاضر کی عظیم علمی و روحانی شخصیت بلکہ ولیِّ کامل ہیں، آپ ہر ہفتے کو نمازِ عشا کے بعد مدنی مذاکرہ فرماتے ہیں، یعنی دُنیا بھر سے عاشقانِ رسول تفسیر، حدیث، شریعت، طریقت وغیرہ مختلف موضوعات پر سوال کرتے ہیں، امیرِ اہلسنّت اُن کے جوابات ارشاد فرماتے ہیں۔ یہ مدنی مذاکرہ مدنی چینل پر لائیو (*Live*) دِکھایا جاتا ہے۔

❀- **مدنی مذاکرہ اِصلاحِ عقائد و اَعمال کا بہترین ذریعہ ہے:** ❀ الحمدللہ! اب تک

---

(1)... مسلم، کتاب الذکر والدّعا... الخ، باب فضل مجالس الذکر، صفحہ:1037، حدیث:2689۔

سینکڑوں کافِر مدنی مذاکرہ دیکھ کر کلمہ پڑھ چکے ہیں ❁ لاکھوں بے نمازی نمازی بن چکے ہیں ❁ ہزاروں دِلوں کی اِصلاح ہوئی ہے۔

❀-آپ بھی مدنی مذاکرے میں شرکت کیا کیجئے! اِنْ شَآءَاللّٰهُ الْكَرِيْم! ❁ عِلْمِ دِین حاصِل ہو گا ❁ محبّتِ اِلٰہی ملے گی ❁ عشقِ رسول میں اِضافہ ہو گا ❁ گُناہوں سے نفرت نصیب ہوگی ❁ نیکی کا جذبہ ملے گا اور ❁ اَخلاق و کردار میں بھی بہتری آئے گی۔

ہر ہفتے عشا کی نماز کے بعد پابندی سے مدنی مذاکرہ دیکھنے کی نیّت کر لیجئے! چاہیں تو گھر پر فیملی کے ساتھ مدنی چینل پر مدنی مذاکرے میں شرکت کیجئے! فُلاں جگہ (مثلاً غُلام رسول بھائی کی بیٹھک میں) اجتماعی طَور پر مدنی مذاکرہ دیکھنے کا انتظام ہوتا ہے، بہتر ہے کہ وہاں تشریف لے آیا کیجئے! اِنْ شَآءَ اللّٰهُ الْكَرِيْم! استقامت ملے گی۔

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيْب! صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّد

﴿7﴾: علاقائی دَوْرہ

❀-حدیثِ پاک کا خُلاصہ ہے: جو قدم راہِ خُدا میں خاک آلود ہوں، انہیں جہنّم کی آگ نہیں چھوئے گی[1] ❁ نیکی کی دعوت دینے، بُرائی سے منع کرنے کے لئے گھر سے نکلنا بھی راہِ خُدا میں نکلنا ہے ❁ ہمارے پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم نیکی کی دعوت دینے کے لئے بازاروں میں تشریف لے جاتے ❁ مختلف قبائل میں جا کر بھی نیکی کی دعوت دیا کرتے تھے۔

❀-دعوتِ اسلامی والے عاشقانِ رسول بھی اس پیاری ادا کو ادا کرنے کو شش کرتے ہیں ❁ گھر گھر، دُکان دُکان جا کر نیکی کی دعوت پیش کی جاتی ہے ❁ لوگوں کو مسجد

[1] ... مسند امام احمد، جلد:6، صفحہ:507، حدیث:16356۔

میں آنے کی دَعْوت دی جاتی ہے ❁ نمازوں کی ترغیب دِلائی جاتی ہے ❁ ہم اسے علاقائی دورہ کہتے ہیں۔

❁-**آپ بھی عاشقانِ رسول کے ساتھ مل کر علاقائی دَوْرہ کیا کیجئے!** اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْکَرِیْم! ❁ سُنّتِ انبیاء پر عَمَل کی سَعَادت ملے گی ❁ نیکی کی دَعْوَت عام کرنے کا ثواب ملے گا ❁ حدیثِ پاک کے مطابق نیکی کی راہ دکھانے والا، نیکی کرنے والے جیسا ہے[1] ❁ اگر ہماری نیکی کی دعوت سے ایک شخص بھی نیک نمازی بن گیا تو یقین مانیئے! وارے ہی نیارے ہو جائیں گے۔ ❁-(جس دِن اور جس مقام پر علاقائی دورہ ہوتا ہو، وہ بتایئے! مثلاً کہئے!) ہر بُدھ کو نمازِ عَصر کے بعد فیضانِ مدینہ کے قریب محلے میں علاقائی دورہ ہوتا ہے، آپ بھی تشریف لے آیا کیجئے! نمازِ عَصر فیضانِ مدینہ ہی میں پڑھیئے! پھر مِل کر نیکی کی دعوت عام کیا کریں گے، اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْکَرِیْم! بہت ثواب ملے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

﴿8﴾: یومِ تعطیل اعتکاف

❁-**دورِ حاضِر کی عظیم علمی و روحانی شخصیت** امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دَامَت بَرَکَاتُہُم الْعَالِیَہ نے ہمیں یہ مدنی مقصد دیا ہے کہ **"مجھے اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔"** اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْکَرِیْم!

❁-**دعوتِ اسلامی والے عاشقانِ رسول** اس مدنی مقصد کی تکمیل کے لئے گاؤں دیہاتوں میں جاکر بھی نیکی کی دعوت عام کرتے ہیں ❁ جمعہ / اتوار والے دِن اسلامی بھائی اَطْرَاف گاؤں میں جاتے ہیں ❁ وہاں مسجد میں نفل اعتکاف ہوتا ہے ❁ نیکی کی دعوت عام

1 ...ترمذی، ابواب العلم، باب ماجاء الدّال...الخ، صفحہ:628، حدیث:2670۔

کی جاتی ہے ❁ آپ بھی تشریف لے آیا کیجئے! اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! ❁ عِلْمِ دِین سیکھنے کو ملے گا ❁ نیکی کی دعوت دینے کا ثواب نصیب ہو گا ❁ راہِ خُدا میں نکلنے کی سَعادت ملے گی ❁ حدیثِ پاک کا خُلاصہ ہے: جو قدم راہِ خُدا میں خاک آلود ہوں، انہیں جہنّم کی آگ نہیں چھوئے گی[1] ❁ جو شخص اللہ پاک کی رضا کے لئے اپنے مسلمان بھائیوں کے پاس شہر کے اَطراف میں جائے، حدیثِ پاک میں اس کے لئے جنّت کی بشارت آئی ہے۔[2]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

﴿9﴾: ہفتہ وار رسالہ مُطَالعہ

❁- **سرورِ عالَم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا:** اَلْعِلْمُ بِالتَّعَلُّم عِلْم سیکھنے سے آتا ہے[3] ❁ دورِ حاضِر کی بُرائیوں میں ایک بڑی بُرائی یہ بھی ہے کہ لوگ عِلْمِ دِین سے دُور ہوئے جا رہے ہیں ❁ دِینی کتابیں پڑھنے کا ذوق نہ ہونے کے برابر ہے ❁ پہلے کے لوگ دِینی کتابوں سے بہت دِلچسپی رکھتے تھے ❁ دِن رات کتابیں پڑھتے تھے ❁ لہٰذا ان کے پاس دِینی معلومات بھی وافر ہوتی تھیں اور ❁ زِندگی بھی پاکیزہ رہتی تھی۔

❁- **اَلحمدُ للہ!** ❁ عاشقانِ رسول کی دِینی تحریک دعوتِ اسلامی گھر گھر عِلْمِ دین کی روشنی پہنچا رہی ہے ❁ بانیِ دعوتِ اسلامی شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی خصوصیت ہے کہ آپ خُود بھی عِلْمِ دین کے بہت شوقین ہیں اور عاشقانِ رسول کو بھی دِینی کتابیں پڑھنے کا شوق دِلاتے ہیں ❁ آپ ہر ہفتے ایک دِینی رسالہ پڑھنے کا فرماتے

---

1 ... مسند امام احمد، جلد:6، صفحہ:507، حدیث:16356۔

2 ... معجم اوسط، جلد:1، صفحہ:472، حدیث:1743۔

3 ... بخاری، کتاب العلم، باب العلم قبل القول والعمل، صفحہ:90، حدیث:67۔

ہیں ❁ مختصر رسالہ ہوتا ہے ❁ چند منٹوں میں پڑھا جاسکتا ہے۔

❀- **آپ بھی پڑھا کیجئے!** اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! بہت فائدہ ہوگا ❁ دِینی معلومات بڑھیں گی ❁ عِلْمِ دِین سیکھنے کا ثواب ملے گا ❁ دِینی کتاب پڑھنے سے دِماغ بھی کھلتا ہے ❁ نظر وسیع ہوتی ہے ❁ حکمت ملتی ہے ❁ سوچ پاکیزہ ہوتی ہے اور ❁ زِندگی میں نکھار آجاتا ہے ❁ جدید سائنسی تحقیقات کے مطابق کتاب پڑھنے سے دِماغی بیماریوں سے حفاظت ہوتی ہے۔

ہر ہفتے پابندی کے ساتھ **ہفتہ وار رسالہ** پڑھنے کی نِیّت کر لیجئے! شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ **ہفتہ وار رسالہ** پڑھنے والوں کو مختلف دعاؤں سے بھی نوازتے ہیں، ہم **ہفتہ وار رسالہ** پڑھیں تو کیا معلوم اللہ پاک کے نیک بندے، ولیٔ کامِل کی زبان سے نکلی ہوئی دُعا ہمارے حق میں قبول ہوجائے اور دُنیا و آخرت میں بیڑا پار ہوجائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

﴿10﴾: نیک اَعمال

❀- **اللہ پاک فرماتا ہے:**

وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ (پ28، سورۂ حشر:18)	ترجمۂ کنزُالْاِیمان: اور ہر جان دیکھے کہ کل کے لئے کیا آگے بھیجا۔

❁ سرورِ عالَم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: عقل مند وہ ہے جو اپنا مُحَاسَبَہ اور مرنے کے بعد کے لئے عَمَل کرے[1] ❁ اپنی اِصلاح کرنے اور خود کو شیطان سے بچانے کا بہترین طریقہ یہی ہے کہ ہم اپنی عادات، اپنے کردار اور اپنے اَعْمَال کا جائزہ لیا کریں۔

❀- **دورِ حاضر میں** امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے اپنا

---

1 ...ترمذی، ابواب صفۃ القیامۃ، صفحہ:583، حدیث:2459۔

جائِزہ لینے کا آسان طریقہ دیا ہے: **رسالہ نیک اَعْمال** (مبلغ کو چاہیئے کہ نیک اَعْمال کا رسالہ پاس رکھے اور دِکھا بھی دے)❁ بڑی عمر کے اسلامی بھائیوں کے لئے **نیک اَعْمال رسالے** میں 72 سوال جواب لکھے ہیں ❁ ہر سوال کے نیچے 30 خانے ہیں ❁ روزانہ سوال پڑھ کر اپنا جائزہ لینا ہوتا اور خانے بھرنے ہوتے ہیں ❁ دُرُست اسلامی زِندگی گزارنے کا یہ بہترین نسخہ ہے ❁ اس کے ذریعے نہ جانے کتنوں کی اِصْلاح ہو چکی ہے۔

❁ **-آپ بھی یہ رسالہ خریدیئے!** روزانہ اپنا جائِزہ لیا کیجئے! اِنْ شَآءَاللہُ الْکَرِیْم! بہت فائدہ ہو گا ❁ اَخلاق سَنْوریں گے ❁ کردار اچھا ہو گا ❁ عادات بہتر ہوں گی ❁ نیکیوں پر استقامت ملے گی ❁ گُناہوں سے نفرت ہو گی ❁ دِل روشن ہو گا ❁ محبّتِ اِلٰہی نصیب ہو گی ❁ عشقِ رسول میں اِضَافہ ہو گا ❁ روحانیت ملے گی اور ❁ فِکْرِ آخرت نصیب ہو گی۔

نیک اَعْمال (*Naik Amaal*) نامی موبائل ایپلی کیشن بھی موجود ہے، چاہیں تو اپنے موبائل میں یہ ایپلی کیشن انسٹال کر لیجئے! اور روزانہ وقت مُقرَّر کر کے اس کے خانے فِل کرنے کی نِیّت کر لیجئے!

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

﴿11﴾: مدنی قافلہ

❁ **-نیکی کی دعوت دینا، اس راہ میں مشقت اُٹھانا سُنّتِ انبیاء ہے:** ❁ دِین کا کام مشکلات اُٹھا کر، قربانیاں دے کر ہی ہوتا ہے ❁ انبیائے کرام ❁ صحابۂ کرام ❁ نیک لوگ نیکی کی دعوت دینے کے لئے گھروں سے نکلتے ❁ دور دُور علاقوں میں جاتے ❁ ہجرت کرتے اور ❁ مشقت اُٹھا کر دِین کا پیغام عام کیا کرتے تھے ❁ پہلوں کی قربانیوں ہی سے ہم تک دِین پہنچا ہے۔

❀-**عاشقانِ رسول کی دینی تحریک دعوتِ اسلامی بھی اسی راہ پر ہے:**❀دُنیا بھر میں دِین کا پیغام عام کرنے کے لئے لاکھوں عاشقانِ رسول مدنی قافلے کی صُورت میں مُلک مُلک، شہر شہر، گاؤں گاؤں جاتے اور نیکی کی دعوت عام کرتے ہیں ❀مدنی قافلوں کی برکت سے کئی کافِر کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو چکے ہیں ❀لاکھوں کی زِندگی میں نیکیوں کی بہار آئی ہے ❀الحمدللہ! 3 دِن، 12 دِن، 1 ماہ اور 12 ماہ کے قافلے سَفَر کرتے رہتے ہیں۔

❀-**آپ بھی مدنی قافلے میں سَفَر کیا کیجئے!** اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! بہت برکتیں ملیں گی ❀مدنی قافلے میں فرض عِلْمِ دِین سکھایا جاتا ہے ❀سنتیں سکھائی جاتی ہیں ❀تہجد پڑھنے کی سعادت ملتی ہے ❀نیکی کی دعوت عام کرنے کا موقع ملتا ہے ❀قافلے کی برکت سے دُعائیں پُوری ہونے ❀مشکلات ٹلنے ❀بیماریوں سے شِفا ملنے کے بھی سینکڑوں واقعات ہیں ❀ایسا بھی ہوا کہ مدنی قافلے میں سَفَر کرنے والے عاشقانِ رسول کی حوصلہ افزائی کے لئے پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے کرم فرمایا، خواب میں تشریف لائے اور شرکائے قافلہ کو دیدار کا جام پلا دیا۔ ❀-ہم مدنی قافلے میں سفر کریں، کیا معلوم ہم پر بھی کرم ہو جائے۔ کم از کم ہر ماہ 3 دِن کے مدنی قافلے میں سَفَر کی نیّت کر لیجئے! بلکہ بہتر ہو گا کہ ابھی نیّت لکھوا دیجئے!

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب!   صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

﴿12﴾: مدنی کورسز

❀-**حدیثِ پاک میں ہے:** عالِم بنو! طالِبِ عِلْم بنو! یا (کم از کم) عُلَما سے محبّت کرنے والے بن جاؤ! چوتھے مت بننا، ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔[1] (اللہ پاک ہمیں ہلاکت سے بچائے!)

---

[1] ...دارمی، المقدمۃ، باب فی ذھاب العلم، صفحہ: 96، حدیث: 254۔

❀-**الحمدللہ!** ❀دعوتِ اسلامی عِلْمِ دین کا نُور بانٹنے والی دِینی تحریک ہے ❀کم از کم فرض عِلْمِ دین جیسے وُضُو، غسل، نماز، نمازِ جنازہ، روزہ، زکوٰۃ وغیرہ کے ضروری مسائل تو ہر مسلمان سیکھ ہی لے، دعوتِ اسلامی اس کا عزم رکھتی ہے ❀اس مقصد کے تحت دعوتِ اسلامی بہت سے شارٹ کورسز کرواتی ہے؛ جیسے ✱ 7 دِن کا فیضانِ نماز کورس ✱ 7 دِن کا 12 دینی کام کورس ✱ 7 دِن کا اِصلاحِ اَعْمال کورس۔ اَور بھی بہت سارے کورسز ہیں۔

❀-**آپ بھی یہ مختصر کورس کر لیجئے!** اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! بہت برکتیں ملیں گی ❀دِین سیکھیں گے تو اللہ پاک راضِی ہو گا ❀رِزْق میں برکت ہو گی ❀عِلْمِ دین کا خزانہ ملے گا ❀نیکیوں کا ذِہن بنے گا ❀اللہ پاک کی عِبَادت دُرُست انداز پر کر پائیں گے تو اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! کرم ہی کرم ہو گا ❀ شارٹ کورسز کا یہ فائدہ بھی ہوتا ہے کہ آدمی غیر محسوس انداز میں بہت کچھ سیکھ لیتا ہے ❀کام کاج بھی ڈسٹرب (**Disturb**) نہیں ہوتے اور چند دِنوں میں اچھی خاصی معلومات مل جاتی ہیں ❀ جیسے نماز ہے، اس کے اَحْکام و مسائل تو اتنے ہیں کہ کتابیں بھری پڑی ہیں، ہم جیسے اتنی بڑی بڑی کتابیں کیسے پڑھیں؟ اتنا وقت کیسے نکالیں؟ لہٰذا آسان طریقہ ہے، 7 دِن کا فیضانِ نماز کورس کر لیں، اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! ان بڑی بڑی کتابوں کا نچوڑ ہمیں سکھا دیا جاتا ہے ❀ پھر دِینی ماحول بھی ملے گا ❀نیک لوگوں کی صحبت نصیب ہو گی، اس کی اپنی برکتیں ہیں۔

فُلاں تاریخ کو فُلاں مقام پر فُلاں کورس (مثلاً 7 ستمبر بروز بدھ سے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی میں 7 دِن کا فیضانِ نماز کورس) شروع ہو رہا ہے، آپ بھی داخلے کے لئے نام لکھوا دیجئے!

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

مآخذ ومراجع

القرآن الکریم		اللہ پاک کا کلام	
کتاب	ناشر وسنِ اشاعت	کتاب	ناشر وسنِ اشاعت
کنزالایمان	مکتبۃ المدینہ باب المدینہ	معجم اوسط	دار الفکر عمان، ۱۴۲۰ھ
تفسیر قشیری	دار الغد الجدید ۱۴۳۴ھ	مسند احمد	دار الکتب العلمیہ بیروت،۱۴۲۹ھ
صحیح البخاری	دار المعرفہ بیروت،۱۴۲۸ھ	سنن دارمی	دار المعرفہ بیروت، ۱۴۲۱ھ
صحیح مسلم	دار الکتب العلمیہ بیروت،2008ء	شعب الایمان	دار الکتب العلمیہ بیروت،۱۴۲۹ھ
سنن الترمذی	دار الکتب العلمیہ بیروت،2008ء	مشکاۃ المصابیح	دار الکتب العلمیہ بیروت،۱۴۲۸ھ
سنن ابو داود	دار الکتب العلمیہ بیروت،2007ء	تاریخ الخلفاء	دار الکتب العلمیہ 2008ء
سنن ابن ماجہ	دار الکتب العلمیہ بیروت،2009ء	جامع العلوم والحکم	مؤسسۃ الرسالۃ بیروت ۱۴۱۹ھ
المستدرک للحاکم	دار المعرفہ بیروت،۱۴۲۷ھ	البدور السافرۃ	دار المعرفۃ بیروت لبنان ۱۴۲۶ھ
مرآۃ المناجیح	نعیمی کتب خانہ گجرات	*-*-*	*-*-*

فہرست

شیطانی چالوں سے حفاظت کا طریقہ

فرمانِ امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ : ❁ شیطانی چالوں سے بچنے کے لئے علمِ دین حاصل کرنا ضروری ہے تاکہ شیطانی چالوں کی پہچان ہو ❁ عاشقانِ رسول کی صحبت میں رہیں ❁ اور دعوتِ اسلامی کے 12 دینی کاموں پر عمل کرتے رہیں گے تو شیطان کی چالیں آپ پر ظاہر ہوتی رہیں گی، یوں اِنْ شَآءَ اللہ ان سے بچنا آسان ہو گا۔ کوشش کرنا ضروری ہے، صرف چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔

(مدنی چینل کیسے بنا؟ صفحہ:17 بتغیر قلیل)






978-969-722-207-0
01013191



فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، کراچی

  0313-1139278 · +92 21 111 25 26 92 

 www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net

 feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net